Maulana Azad National Urdu University

M.A. English, III Semester Examination, January 2021

Paper : PGUR301AET : Urdu Shanasi - II (Ability Enchancement)

پرچہ : اردوشناسی ۔ ۲

Time : وقت : 2 Hrs گھنٹے — جملہ نشانات : 35 Maximum. Marks

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 05 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 01 نمبر مختص ہے۔ **(5 x 1 = 5 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں،اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 04 نمبرات مختصر ہیں۔ **(5 x 4 = 20 Marks)**
3. حصہ سوم میں 02 سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی 01 سوال کا جواب دینا ہے۔سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے ۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(1 x 10 = 10 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

i۔ ’’ایک وصیت کی تعمیل‘‘ کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(a) افسانہ (b) ڈرامہ (c) خاکہ (d) نظم

ii۔ ڈرامہ ’’خودکشی‘‘ کا کردار نہیں ہے؟

(a) ہیر (b) رانجھا (c) نوکرانی (d) چچا

iii۔ علامہ اقبال کی تخلیق نہیں ہے۔

(a) چانداور تارے (b) بچے کی دعا (c) شکوہ (d) آدمی نامہ

iv۔ ’’ڈاکٹر چڈھا‘‘ کس افسانے کا کردار ہے؟

(a) خودکشی (b) منتر (c) کفن (d) نمک کا داروغہ

v۔ ’’پیا باج پیالہ پیا جائے نا‘‘۔شعر مکمل کیجیے۔

(a) پیا باج یک تل جیا جائے نا
(b) پیا باج یک پل جیا جائے نا
(c) پیا باج یک تل جیا جائے ہے
(d) پیا باج یک پل جیے جائے نا

حصہ (ب)

2۔ ’’پریم چند کا افسانہ قاری کو سوچنے پر مجبور کرتا ہے‘‘۔ اس خیال کی روشنی میں افسانہ ’’منتر‘‘ کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجیے۔

3۔ مرزا فرحت اللہ بیگ کی تحریر کی روشنی میں وحیدالدین سلیم کی شخصیت پر مختصر نوٹ لکھیے۔

4۔ نظم ’’چانداور تارے‘‘ کی روشنی میں علامہ اقبال کے افکار پر روشنی ڈالیے۔

5۔ ڈرامہ ’’خودکشی‘‘ میں منٹو کے مزاحیہ اسلوب کی نشاندہی کیجیے۔

6۔ قلی قطب شاہ کی شاعرانہ خصوصیات پر مدلل نوٹ قلم بند کیجیے۔

7۔ ’’نظیر اکبرآبادی ایک عوامی شاعر ہیں‘‘۔ تشفی بخش دلائل سے اس قول کی تائید یا تردید کیجیے۔

8۔ مولانا ابوالکلام آزاد پر لکھے گئے ڈاکٹر ذاکر حسین کے مضمون کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔

9۔ مندرجہ ذیل شعر کی تنقیدی تشریح کیجیے۔

قفس اداس ہے یارو، صبا سے کچھ تو کہو
کہیں تو بہر خدا آج ذکرِ یار چلے

حصہ (ج)

10۔ اردو افسانے کے اجزائے ترکیبی بیان کرتے ہوئے پریم چند کا افسانہ ’’منتر‘‘ کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجیے۔

11۔ مندرجہ ذیل حصہ نظم کی تنقیدی تشریح کیجیے۔

کہنے لگا چاند، ہم نشینو!
اے مزرعِ شب کے خوشہ چینو!
جنبش سے ہے زندگی جہاں کی
یہ رسم قدیم ہے یہاں کی
ہے دوڑتا اشہب زمانہ
کھا کھا کے طلب کا تازیانہ
اس رہ میں مقام بے محل ہے
پوشیدہ قرار میں اجل ہے
چلنے والے نکل گئے ہیں!
جو ٹھہرے ذرا، کچل گئے ہیں
انجام ہے اس خرام کا حسن
آغاز ہے عشق، انتہا حسن

☆☆☆